ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، اجمل دہلوی، مولانا جعفرالحسن، مفتی تجمل حسن اور دیگر نے انور عالم کی عیادت کی

کراچی۔۔۔29مئی2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی بڑی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون اور ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے مقامی اسپتال میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔قبل ازیں روزنامہ امن کے ایڈیٹر اجمل دہلوی، معروف علماء کرام مولانا جعفرالحسن، مفتی تجمل حسن کاشمیری، فراست حسن تھانوی اور ایم کیوایم محبان پاکستان سعودی عرب اوورسیز یونٹ کے ذمہ داران ڈاکٹر محمد فہیم اور انجینئر محمود اور ایم کیوایم علماء کمیٹی کے ارکان انور رضا اور مولانا محمد ناصر یامین نے بھی انور عالم کی عیادت کی۔

حق پرست قیادت شہر اور صوبے کی ترقی کیلئے ہر وہ اقدامات اٹھائے گی جو عوام کو براہِ راست سہولیات میسر کرسکیں، سید سردار احمد
یونین کونسل 4 پریس کوارٹر اور لیاقت بستی میں جاری ترقیاتی کام کے معائنے کے موقع پر عوام سے گفتگو

کراچی۔۔۔29مئی2008ء۔۔۔سندھ اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر سید سردار احمد نے اپنے حلقہ انتخاب کا دورہ کیا اور یونین کونسل 4 پریس کوارٹر اور لیاقت بستی میں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔حق پرست قیادت کی کوششوں سے یونین کونسل 4 پریس کوارٹر اور لیاقت بستی میں بجلی کے تاروں کی تبدیلی، صفائی اور ستھرائی کے کاموں سمیت دیگر کام جاری ہیں۔انہوں نے ترقیاتی کاموں کے معیار اور رفتار کا جائزہ لیا اور اس پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس برقرار رکھنے پر زور دیا۔سید سردار احمد نے علاقے کے مکینوں سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے اور مسائل کے حل کے سلسلے میں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر سید سردار احمد نے کہا کہ حق پرست قیادت شہر اور صوبے کی ترقی کیلئے ہر وہ اقدامات اٹھائے گی جو عوام کو براہِ راست سہولیات میسر کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ شہر میں جاری ترقیاتی وتعمیراتی کام حق پرستوں قیادت کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کیلئے خصوصی دلچسپی اور جذبے کو ظاہر کرتی ہے جسے نہ صرف ملکی سطح پر بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی سراہا جارہا ہے۔

محترمہ تبسم خالد، محترمہ سائرہ بیگم اور محمد یوسف کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29مئی2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن محمد خالد کی اہلیہ محترمہ تبسم خالد، بن قاسم ٹاؤن کے حق پرست کونسلر محمد ندیم کی والدہ محترمہ سائرہ بیگم اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن محمد علی کے بھائی محمد یوسف کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆